DEVELOPMENTS IN LITERACY

DIL
MODEL SCHOOL

اردو نصابی معاون

"پہلا قدم"

حصہ دوم

مرتبہ : رخشندہ نظامی

DEVELOPMENTS IN LITERACY

DIL
MODEL SCHOOL

اردو نصابی معاون

''پہلا قدم''

حصہ دوم

مرتبہ : رخشندہ نظامی

"س، ش"

ساتواں ہفتہ

"س"

سرگرمی 1! بچوں کو گروپ میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ کو تنکے دیں۔ اور ان سے ان تنکوں کی مدد سے سیڑھی بنوائیں۔ پہلے ٹیچر بچوں کو تنکوں کی مدد سے سیڑھی بنا کر بتائے۔ دورانِ عمل بچوں کی مدد کرے۔

سرگرمی 2! بچوں کو رنگین چارٹ دیں۔ اُن کو سورج بنانے کا کہیں۔ اس مقصد کے لئے ٹیچر پہلے خود بنا کر بتائے۔ یہاں ایک دفعہ پھر "پیلا" رنگ استعمال ہو رہا ہے۔ بچوں کا "پیلے" رنگ کا "Concept" ایک دفعہ پھر واضح کریں۔ "سانپ" کی تصویر بھی دکھائیں۔

"ش"

سرگرمی 1!
بچوں کو ش سے بننے والی چیزوں کے فلیش کارڈ دکھائیں۔

سرگرمی 2! "شلجم" کی تصویر ٹیچر خود بھی بنائے اور پھر چارٹ بچوں کو کارڈ کر دے اس مقصد کے لئے ٹیچر سفید چارٹ دے گی۔ پھر بچوں کو شلجم بنانے کا طریقہ واضح کرے۔ یہاں بچوں کو "Purple" یعنی "جامنی" اور "سفید" رنگ کا بتائے۔ یہاں سفید اور جامنی رنگ کی اور چیزوں کے بارے میں بھی بچوں سے ٹیچر پوچھے۔

تمام چیزیں جو ٹیچر اور بچوں نے بنائی ہیں انھیں دیوار پر لگائیں۔

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
(1	س ش ص ض	1
(2	ط ظ ع غ	4
(3	ف ق ک گ	7
(4	ل م ن	9
(5	و ہ ی ے	12
(6	بھ پھ تھ ٹھ	15
(7	جھ چھ دھ ڈھ	18
(8	ڑھ کھ گھ	22
(9	" آ "	24
(10	حروف تہجی جوڑنا، آوازیں ملانا	26
(11	با پا تا ٹا	27
(12	الفاظ بنانا، جملہ بنانا	30
(13	زبر	32
(14	زیر	34
(15	پیش	36
(16	حروف جوڑ کر لفظ بنا	38
(17	دہرائی	40

جنوری

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
2	س ش ص ض	حروف تہجی کا گیت ٹیپ ریکارڈر پر چلائیں۔ بچے ساتھ گائیں۔ حروف س ش ص ض کا الگ الگ کارڈ دکھائیں اور ٹیپ کے ساتھ ان حروف کا تعارف کروائیں۔ س ش ص ض بورڈ پر لکھیں لکھتے ہوئے رفتار آہستہ رکھیں اور ساتھ حروف کی آواز نکالتی جائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ انگلی سے اپنے ڈیسک پر یا ہوا میں لکھنے کی مشق کریں اور استاد ساتھ ساتھ بولے اور حروف لکھنے کی مشق کرائیں پہچان پختہ کرائیں	س ش ص ض پر کام جاری رکھیں۔ تمام حروف کے الگ الگ کارڈ استعمال کریں جن پر انکی آدھی شکل بھی ہو۔ یہ کارڈ دکھا کر آواز نکالیں۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے حروف کی تحریری شکل اور آواز کا عملی مظاہرہ کروائیں۔ مشکل پیش آنے کی صورت میں مدد کریں فلیش کارڈ استعمال کرتے ہوئے "س" دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ "ش" دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا	اب ش ص اور ض سے شروع ہونے والی اشیاء کا چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ "س" سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں اور فلیش کارڈ پر تصویر لگائیں۔ س سیب س دکھا کر سیب دکھائیں اور مشق کرائیں اب الفاظ بدلیں س سانپ س سورج س سائیکل اب "ش" سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں اور	س اور ش کی بڑی اور چھوٹی شکل کے کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں بچے سمجھ جائیں گے کہ چھوٹی بڑی شکل کی آواز ایک ہے س اور ش کے گتے کے کاٹے ہوئے قطعات سے مشق کرائیں اب ص اور ض کی بڑی اور چھوٹی شکل کے کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں تاکہ بچے سمجھ جائیں کہ دونوں کی آواز ایک ہے۔ حروف کی مشق گتے کے قطعات سے کرائیں۔ سرگرمی بچوں سے سرگرمی کرائیں	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جا لیں ورک شیٹ پر حروف کی م کروائیں۔ بچے خود لکھنے کی کوشش کر بچوں سے ان کے کام کا لینے کے لیے بچوں سے اپنے لکھے ہوئے حروف حرف پر دائرہ لگائیں سے بہتر لکھا ہوا ہے ا میں رنگ بھروائیں تدریسی مرکز لے جائیں

"ص، ض"

"بُقفتہ"

سرگرمی ۱: "ص"

بچوں کو صابن لاکر دکھائیں اسکے علاوہ صندوق بھی دکھائیں یا بچوں سے کہیں کہ اگر اُن کے کھلونوں میں چھوٹا سا صندوق ہے تو لے کر آئیں۔

سرگرمی ۲: "ض"

بچوں سے کہیں کیا آپ کے گھر میں کوئی بڑی عمر کا آدمی ہے۔ اگر وہ کہیں ہاں تو اُنھیں "ضعیف" کا "concept" واضح کریں۔

سرگرمی ۳: ٹیچر بچوں کے سامنے ایک بوڑھے آدمی کی ایکٹنگ کریں۔ ہاتھ میں چھڑی پکڑ کر اور کمر جھکا کر چلیں اور بچوں سے پوچھیں کہ ایسے کون چلتا ہے۔ بچے بتائیں کہ بوڑھی اور آدمی اگر ایسے چلے تو بوڑھا۔ بچوں کو بتائیں بوڑھے آدمی یا عورت کو ضعیف بھی کہتے ہیں۔ اب کسی بوڑھے آدمی کی تصویر دکھائیں اور پوچھیں یہ کون ہے۔

"ضعیف"

ہوم ورک: بچوں کو کہیں غبارے اور چھوٹے چھوٹے برتن لے کر آئیں۔

جائزہ: س سے ض تک کا جائزہ لیں۔

			ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ ''ص'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اسکی آواز کیا ہے؟ ''ض'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب کارڈز کی ترتیب بدل دیں اور باری باری پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے۔ ورک شیٹ پر حروف کی مکمل اور آدھی دونوں اشکال کی تحریری مشق کرائیں	فلیش کارڈ پر تصویر دکھائیں۔ ش شیر ش دکھا کر مشق کرائیں۔ اب الفاظ بدلیں ش تسلیم ش شربت ش شمع اب ''ص'' کا کارڈ دکھائیں اور ''ص'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں ص صندوق اب ''ص'' کا کارڈ اور صندوق کی تصویر دکھا کر مشق کرائیں۔ ''ص'' سے شروع ہونے والے الفاظ کا تعارف کرائیں ص صراحی ص صابن	''حروف محسوس کریں'' (تعلیمی سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)	

				تصاویر اور فلیش کارڈ دکھا کر مشق کرائیں۔ اب "ض" سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں حرف کا کارڈ اور تصویر دکھائیں۔ ض ضعیف اب تصویر اور حرف سے "ض" کی پہچان کرائیں۔ آخر میں سب حروف کو اکٹھا کریں اور تصاویر دکھا کر حروف کی پہچان کرائیں۔		

ۃ، ص، ض،

"ہفتہ"

"ہفتہ"

"ط، ظ"

سرگرمی ۱! "ط" بچوں کو "طوطا" اور طیارہ دونوں کی اشکال بنا کر بتائیں اور پھر بچوں سے بنوا کر اُن میں رنگ کروائیں۔ یہاں "طوطے" کا رنگ "Parrot" بچوں کو سمجھائیں۔ بار بار "Parrot" رنگ کو دہرائیں۔

سرگرمی ۲! "ظ" سے بچوں کو ظروف سمجھانے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے گھر میں جن کھلونوں سے کھیلتے ہیں اگر ان میں برتن وغیرہ ہیں تو لے کر آئیں۔ یا ٹیچر خود چند ظروف اُن کو بتائے۔

سرگرمی ۳! "ع" اگر کسی بچے نے عینک لگائی ہوئی ہے تو دکھائیں۔ ورنہ بچوں کو چارٹ کی مدد سے عینک بنا کر دیں اور رنگ کروائیں۔ "عقاب" کی تصویر میں رنگ کروائیں اور بتائیں یہ ایک پرندہ ہے جو پہاڑ کی چوٹیوں پر رہتا ہے۔

سرگرمی ۴! "غ" بچے جو غبارے لائے ہیں۔ پہلے اُن سب سے باری باری اُن کے رنگ پوچھیں۔ اسطرح رنگوں کا concept واضح ہو جائے گا۔ پھر غبارے کو پھلائیں اور بچوں سے بھی کروائیں۔ اور غباروں کے گچھے بنا کر جماعت کے ہر کونے میں لگائیں۔

"نظم"! بچوں کو یہ نظم سنائیں۔

بچوں نے جب غل مچایا
غلیل چلائی پرندہ اڑایا
غار سے وہ باہر آیا

غریب بچہ بیچ میں آیا۔
شیر نے جب آواز سنی تو۔
غوں غوں کرتا منہ بولا۔

[ہوم ورک! بچوں سے گیند منگوائیں۔]

جنوری

ہفتہ	عنوان	سبق بھی جائزہ لیں۔	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
3	ط ظ ع غ	حروفِ تہجی کا گیت گائیں ٹیپ ریکاڈر پر چلائیں اور بچوں کو ساتھ گانے کے لیے کہیں۔ ط ظ ع غ کا الگ الگ کارڈ دکھائیں۔ اور حروف کا تعارف کرائیں بورڈ پر حروف الگ الگ لکھیں ہر حرف کے ساتھ اسکی آدھی شکل بھی لکھیں اور رفتار آہستہ رکھتے ہوئے آواز نکالتی جائیں۔ تمام حروف لکھنے کے بعد ہر حرف کی پوری اور آدھی شکل پر انگلی یا پوائنٹر پھیرتے ہوئے آواز نکالیں۔	ط ظ ع اور غ پر کام جاری رکھیں۔ ان حروف کی بڑی اور چھوٹی شکل کے لیے فلیش کارڈ استعمال کریں۔مشق کروائیں۔ سرگرمی بچے جماعت کے سامنے ط ظ ع اور غ کی تحریری شکل اور آواز بتائیں اگر کسی بچے کو مشکل کا سامنا ہو تو استاد مدد کرے۔ ط کی بڑی اور چھوٹی شکل کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ظ کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟	ط ظ ع اور غ سے شروع ہونے والی اشیاء کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ باری باری ط ظ ع اور غ سے شروع ہونے والے الفاظ کا تعارف کرائیں ط کا کارڈ دکھائیں جس پر اسکی چھوٹی شکل بھی ہو۔ ط طوطا حروف اور تصویر کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب ط کے اور الفاظ اور تصاویر دکھائیں ط طیارہ ط طالب علم	ط اور ظ کے کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں۔ اب ع اور غ کی بڑی اور چھوٹی شکل کا کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں اور سمجھائیں کہ بڑی اور چھوٹی شکل کی آواز میں کوئی فرق نہیں۔ سرگرمی ''حروف کی آواز کے ساتھی'' (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں) اب بچوں سے ط ظ ع اور غ کے لکھنے کی مشق ورک شیٹ پر کرائیں۔	پڑھائے گئے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ ط ظ ع اور غ لکھنے کی مشق کے لیے ورک شیٹ بنا کر دیں اور رنگین پنسل سے حروف لکھوائیں ع غ کی چھوٹی شکل بھی لکھوائیں گتے کے قطعات استعمال کریں۔ بچوں کو تدریسی مرکز لے جائیں۔

		اب اسکی دہرائی کرائیں اور بچوں سے کہیں وہ اپنے ڈیسک پر انگلی سے یا پھر ہوا میں لکھنے کی مشق کریں۔	اب ع کی چھوٹی اور بڑی شکل کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اوراسکی آواز کیا ہے؟ اب غ کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اوراس کی آواز کیا ہے؟ اب اگر استاد چاہے تو پہلے پڑھائے گئے حروف بھی کارڈ دکھا کر پوچھ سکتا ہے کہ یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟	اب ظ کا کارڈ اور تصویر دکھائیں ظ ظروف کارڈ اور تصویر دو تین بار دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب ع کا کارڈ اور تصویر دکھائیں ع عینک کارڈ اور تصویر بار بار دکھا کر پہچان کرائیں اب ع سے کچھ اور الفاظ کا تعارف کرائیں۔ ع عورت ع عقاب باری باری تصویر اور حرف دکھا کر مشق کرائیں۔ اب غ کا کارڈ اور تصویر دکھائیں غ غبارہ تصویر اور حرف کا کارڈ دکھا کر مشق کرائیں تا کہ پہچان پختہ ہو جائے		

				اب غ کے اور الفاظ کا تعارف کرائیں۔ غ غار غ غلیچہ سرگرمی حروفِ تہجی کی ترتیب کرائیں (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)		

"ہفتہ"

"ش، ف، ق" "ہفتہ"

"ف" ۔ بچوں کو "فاختہ" کے بارے میں بتائیں کہ یہ ایک پرندہ ہے۔ اس کی تصویر دکھائیں۔ رنگ بھروائیں۔

"فالودہ"! بچوں کو بتائیں "فالودہ" کھانے کی چیز ہے ہم یہ گرمیوں میں کھاتے ہیں۔ یہ شربت اور برف سے بنتا ہے۔

"ق"! "قائداعظم" کی تصویر بھی بتائیں اور یہ بتائیں کہ پاکستان قائداعظم نے بنایا۔ یہ ہمارے "بابائے قوم" ہیں۔ ساتھ پاکستان کی آزادی کا دن ۱۴ اگست 1947 بھی بتائیں۔

"ک"! بچوں کے پاس کتابیں ہیں وہ دکھائیں "کتا" بتائیں یہ جانور ہے۔ کشتی بچوں سے بنوائیں یہ کہاں استعمال ہوتی ہے پوچھیں اور بتائیں۔ کرسی دکھا کر "ک" واضح کریں۔

"گ" اگر آپ کے پاس گاجر کی تصویر ہے تو دکھائیں اس کا رنگ "لال" ہوتا ہے بچوں سے پوچھیں اور کونسے پھل اور سبزیاں "لال" ہوتی ہیں۔ گیند لے کر باہر جائیں اور "catch catch" کا کھیل کھلوائیں جو بچہ نہ کر سکے اسے ایک سائیڈ پر کر دیں۔

گاڑی! بچوں سے مختلف "گاڑیوں کے بارے میں پوچھیں اور پھر تصویروں کی مدد سے بھی بتائیں۔

یہاں، ریل گاڑی، جہاز، سوزوکی، موٹر کار، رکشہ، تانگہ۔ موٹر سائیکل کے بارے میں بتائیں۔

"ہوم ورک"! "ط" سے "گ" تک کا جائزہ دیں۔

جنوری

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
4	ف ق ک گ	حروفِ تہجی کا گیت ٹیپ ریکارڈر پر چلائیں اور بچوں سے کہیں ساتھ گائیں۔ ف ق ک گ کے الگ الگ کارڈ دکھائیں اور سب حروف کا تعارف کرائیں۔ اب بورڈ پر ہر حرف لکھیں رفتار آہستہ رکھیں تاکہ بچے حرف کی ساخت پر غور کرسکیں۔ ساتھ ساتھ اونچی آواز میں حرف کا تعارف کرائیں۔ ٹیپ ریکارڈ سے حروف کی آواز سنوائیں اور حروف کی چھوٹی شکل کے کارڈ دکھائیں۔ خود آواز نکالیں اور بچوں کو آواز نکالنے کو کہیں بورڈ پر	ف ق ک گ پر کام جاری رکھیں۔ اب ف ق ک اور گ کے باری باری فلیش کارڈ دکھائیں جن پر چھوٹی شکل بھی ہو بچوں کو کہیں کہ وہ اپنی دو انگلیوں کو جوڑ کر قلم کی طرح اپنے ڈیسک پر لکھنے کی کوشش کریں ساتھ ساتھ آواز بھی نکالیں۔ سرگرمی بچوں کو جماعت کے سامنے باری باری بلا کر پہچان کا مظاہرہ کرائیں ہر بچے کا ساتھ دیں اور مشکل پیش آنے کی صورت میں مدد کریں ''ف'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا کارڈ دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟	ف ق ک گ کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ فلیش کارڈ سے ''ف'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں ف فوارہ ''ف'' اور فوارہ کی تصویر دکھا کر مشق کرائیں۔ ف فاختہ ف فٹ بال ف فوجی ف فالودہ اب ''ق'' کا فلیش کارڈ اور ق سے شروع ہونے والی چیزیں دکھا کر نئے لفظ کا تعارف کرائیں ق قینچی ق کی مشق کے لیے کچھ اور تصاویر	ف ق ک گ کی بڑی اور چھوٹی شکل کے فلیش کارڈ باری باری دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ یہاں بچوں پر واضح کریں کہ انکی شکل بڑی چھوٹی مگر آواز ایک ہے اور یہ مختلف طریقے سے لکھے جاتے ہیں۔ سرگرمی حروف کی کسوٹی کرائیں (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں) ورک شیٹ پر کام کرائیں۔ ف ق ک گ کی بڑی چھوٹی شکل کے گتے کے قطعات استعمال	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں ف ق ک گ کے لکھنے کی مشق کے لیے ورک شیٹ کا استعمال کرائیں۔ تدریسی مرکز جائیں اور بچوں سے مٹی یا کاغذ سے اشیاء بنوائیں جو ف ق ک گ سے شروع ہوتی ہیں بچوں کو لکھنے کی مشق کے لیے ''تدریسی مرکز'' لے جائیں (تدریسی مراکز دیکھیں)

ہفتہ ۳

ل ۔ م ۔ ن

ہفتہ ۵

لومڑی: جانور کا نام ہے ۔ بچوں کو تصویر دکھائیں ۔ یہاں "براؤن" رنگ کا concept واضح کریں ۔ بچوں کو اور بھی براؤن رنگ کی چیزیں دکھائیں اور ڈھونڈیں ۔

لٹو: بچوں سے کہیں لٹو لے کر آئیں ۔

لفافہ: بچوں کو سفید چارٹ دیں اور لفافہ بنوائیں ۔ پھر اُس پر تصویریں بنوائیں ، بچے اپنے نام لکھیں اور رنگ بھریں ۔

مچھلی: چارٹ پیپر کاٹ کر بچوں کو دیں اور مختلف اشکال کی مچھلیاں بنوائیں ۔ بچوں کو بتائیں مچھلی پانی میں رہتی ہے ۔ اس کا ہم گوشت کھاتے ہیں ۔

مسجد: بچوں سے مسجد کے بارے میں پوچھیں ۔ اور بتائیں یہ اللہ کا گھر ہے یہاں ہم عبادت کرتے ہیں ۔ مختلف مساجد کے نام اور تصویریں بتائیں ۔ "مسجدِ نبوی" کی تصویر بنوا کر اُس میں "سبز" رنگ کروائیں ۔ یہاں پھر سے سبز رنگ واضح کریں ۔

مٹر: لا کر بچوں کو دکھائیں اور بتائیں یہ سبزی ہے ۔ اس کا رنگ بھی سبز ہے ۔

ن: بچوں سے پوچھیں آپ کے چہرے پر کونسی چیز کا نام "ن" سے شروع ہوتا ہے ۔ اگر بتہ ہے تو ایک بچے کو سامنے لائیں اور اسے کہیں ہاتھ لگا کر بتائے ۔ اگر بچے "ن" سے ناک نہیں بتا سکتے تو آپ خود بتائیں ۔

ناریل: بچوں کو تصویر دکھائیں ۔ بتائیں کھانے کی چیز ہے ۔ اس کا رنگ [illegible]

فروری

ہفتہ	عنوان	طلبے کی ٹسٹ کا جائزہ لیں	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
1	ل م ن	حروفِ تہجی کا گیت ٹیپ پر چلائیں اور خود ساتھ گائیں اور بچوں کو ساتھ گانے کو کہیں۔ ل م اور ن کا الگ الگ کارڈ دکھائیں حروف کا تعارف کرائیں بورڈ پر حروف الگ الگ لکھیں ہر حرف کے ساتھ اسکی آدھی شکل بھی لکھیں رفتار آہستہ رکھیں آواز نکالتی جائیں تمام حروف لکھنے کے بعد ہر حرف پر انگلی یا پوائنٹر پھیریں تاکہ بچے حرف کی بناوٹ سمجھ سکیں۔ انگلی یا پوائنٹر پھیرتے ہوئے آواز نکالیں۔ اب اسکی دہرائی کرائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے	ل م اور ن پر کام جاری رکھیں ان حروف کی بڑی اور چھوٹی شکل کے فلیش کارڈ استعمال کریں۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے ل م اور ن کی تحریری شکل اور آواز بتانے کا مظاہرہ کرائیں۔ اگر کوئی بچہ مشکل میں ہو تو اسکی مدد کریں ''ل'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ ''م'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟	ل م ن سے شروع ہونے والی اشیاء کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں اب باری باری ل م اور ن سے شروع ہونے والے الفاظ کا تعارف کرائیں۔ ل کا چھوٹی اور بڑی شکل کا ایک ہی فلیش کارڈ دکھائیں اور ساتھ دوسرا کارڈ تصویر کا دکھائیں ل لٹو حرف اور تصویر کا کارڈ دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے اب ''ل'' سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ کا تعارف کرائیں ل لفافہ ل لومڑی ل لوٹا	ل م اور ن کی چھوٹی اور بڑی شکل کے کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں رفتار آہستہ اور آواز بلند رکھیں تاکہ بچے سمجھ جائیں کہ بڑی اور چھوٹی شکل کی آواز ایک ہے۔ گتے کے قطعات کاٹ کر مشق کرائیں۔ ورک شیٹ پر کام کروائیں۔ سرگرمی حروف کی خاکہ کشی کا مقابلہ کروائیں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں ورک شیٹ پر نئے حروف کی مشق کرائیں بچوں کو تدریسی مرکز میں ''ل'' ''م'' اور ''ن'' سے شروع ہونے والی اشیاء بنوائیں اور رنگ بھروائیں بچوں کا کام جماعت میں لگائیں۔

دلچسپ کہانی۔

کوّے اور مینا کی کہانی کوّے نے نمک کا
گھر بنایا اور مینا نے موم کا دونوں بہت خوش تھے اور دونوں
کے درخت برابر تھے۔ ایک دن مینا نے کھانا بنایا تو وہ
کوّے سے نمک لینے آئی کوّے نے غرور کرتے ہوئے کہا واہ
میرا گھر خراب ہو جائے گا میں تو نمک نہیں دے سکتا
مینا کو بڑا افسوس ہوا کہ ہماری اتنی دوستی بھی ہے
پھر بھی کوّے نے مجھے نمک نہیں دیا ایک دن بارش
ہوئی تو کوے کا گھر پانی میں بہہ گیا کوّا مینا کے
گھر آیا کہنے لگا مجھے تھوڑی سی جگہ دے دو اپنے گھر
میں، مینا نے کہا اچھا تم نے مجھے نمک دیا تھا جو میں تمہیں
جگہ دے دوں جاؤ اب بھیگتے رہو میں جگہ نہیں دوں
گی کوّا بے چارہ بھیگتا رہا اور بیمار ہو گیا پھر آخر
ایک دن خوب تیز دھوپ نکلی تو مینا کا گھر موم
کا تھا وہ پگھل گیا اور پگھل پگھل کے ختم ہو گیا اب مینا
دھوپ میں بیٹھی تھی اور بہت گرمی تھی وہ دھوپ
سے اور گرمی سے سخت بیمار ہو گئی۔

اب اس کو خیال آیا کہ کتنی بری بات ہے میں نے کوّے
کی مدد نہیں کی تھی اس لئے میرا گھر بھی ختم ہو گیا اور
میں بیمار ہو گئی ہوں۔

ادھر کوّے نے بھی یہی بات سوچی اور وہ بھی
شرمندہ ہوا کہ اگر میں تھوڑا سا نمک ہی مینا کو دے
دیتا تو اللہ میاں ناراض نہ ہوتا میرا گھر بھی نہ پگھلتا
اس لئے بچوں اپنی چیز پر کبھی بھی اترانا نہیں چاہئے
بلکہ جب آپ کو کوئی چیز آپ کی پسند کی ملے تو فوراً
اللہ کا شکر کرنا چاہئے اور بچوں ایک دوسرے کی مدد
ضرور کرنا چاہئے۔

بچوں کو کہانی سنا کر اس کہانی سے پھر سوال کریں بچے
جواب دینگے

		ڈیسک پر یا ہوا میں لکھنے کی مشق کریں۔	اس مشق کے بعد استاد چاہے تو پڑھائے گئے باقی حروف کے کارڈ دکھا کر پوچھ سکتا ہے کہ یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟	اب ''م'' کا فلیش کارڈ اور تصویر دکھائیں م مرغا حرف اور تصویر دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب ''م'' کے اور الفاظ اور تصاویر دکھائیں م مچھلی م مسجد م موم بتی اب ''ن'' کا کارڈ اور تصویر دکھائیں ن نلکا دو تین بار تصویر اور حرف دکھائیں۔÷ اب ''ن'' کے اور الفاظ اور تصویریں دکھائیں۔		

		ن نارنگی ن ناک ن ناریل سرگرمی حرف کی کسوٹی کرائیں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ)				

و ، ہ ، ی ، ے

ہفتہ

ورق: بچّوں کو کتاب یا کاپی ورق بتائیں۔ اس طرح بچّوں کو ک سے کتاب اور کاپی بھی واضح ہو جائیں گے۔ بچّوں کو ورق دیں اور اُس پر ویگن بنوا کر رنگ بھروائیں۔

وردی: بچّوں کو سکول یونیفارم کی مثال دیں۔

ہاتھ: بچّوں کا ورق پر ہاتھ بنوائیں۔ اس مقصد کے لئے اُن کے ہاتھ پر نیلی یا کالی سیاہی لگائیں اور پھر اُسے ورق پر چھاپیں۔ پھر اس ہاتھ پر وہ اپنا اور کلاس کا نام لکھیں۔ ٹیچر انھیں جماعت کی دیوار پر لگائے۔

ہونٹ: بچّوں کو ہاتھ لگوا کر ہونٹ دکھائیں اور سمجھائیں۔

ہاتھی: ایک بڑا جانور ہے اور اس کا رنگ [grey سرمئی ہے] یہاں سرمئی رنگ دکھائیں اور سمجھائیں۔

یکّہ: یادگار بچّوں کو یہاں بتائیں تانگے کے پیچھے یعنی گھوڑے کے پیچھے لکڑی سے جو چیز بنی ہوتی ہے اُسے یکّہ کہتے ہیں۔ اس کی تصویر بچّوں کو دکھائیں۔

ہوم ورک: ل سے یے تک کا جائزہ لیں۔

فروری

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
2	و ہ ی ے	حروف تہجی کا گیت ٹیپ پر چلائیں۔ خود ساتھ ساتھ گائیں اور بچوں کو ساتھ گانے کے لیے کہیں۔ و، ہ، ی اور ے کے کارڈ الگ الگ دکھائیں اور حروف کا تعارف کرائیں بورڈ پر لکھیں اور ساتھ بولیں لکھنے کی رفتار آہستہ رکھیں اور ساتھ آواز نکالیں۔ ہ بورڈ پر لکھیں رفتار آہستہ رکھتے ہوئے آواز نکالیں تاکہ حرف کی بناوٹ اور آواز بچے سمجھ سکیں۔ اب ''ی'' بورڈ پر لکھیں اور آواز نکالتے ہوئے حرف کا تعارف کرائیں۔	و، ہ، ی اور ے پر کام جاری رکھیں۔ ان تمام حروف کے فلیش کارڈ دکھائیں جن پر ہر حرف کی چھوٹی شکل بھی ہو۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے و، ہ، ی اور ے کی تحریری شکل اور آواز بتانے کا مظاہرہ کرائیں۔ اگر کوئی بھی بچہ مشکل محسوس کرے تو نرمی سے مدد کریں ''و'' کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ ''ہ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا اور اسکی آواز کیا ہے؟	و، ہ، ی اور ے شروع ہونے والی اشیاء کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ اب باری باری و، ہ، ی اور ے سے شروع ہونے والے الفاظ کا تعارف کرائیں۔ ''و'' کا کارڈ دکھائیں اور دوسرا کارڈ ''و'' سے شروع ہونے والی چیز کی تصویر کا دکھائیں۔ و ورک حرف اور تصویر دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب ''و'' سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ کا تعارف کرائیں۔	ورک شیٹ پر کام کرائیں۔ و، ہ، ء، ی اور ے کی بڑی اشکال پر کام کرائیں۔ حروف ٹریس کرائیں بچوں کی مرضی سے حروف میں پنسل سے رنگ بھروائیں حروف کی چھوٹی شکل دکھائیں اور آواز نکالیں اور لکھنے کی مشق کریں۔ بچے جس حرف کو سب سے اچھا لکھیں اس کے گرد دائرہ لگوائیں اور بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔ سرگرمی بچوں کو آج لائبریری مرکز لے جائیں اور کہانیوں کی کتابوں	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد اور کام کا جائزہ لیں۔ ورک شیٹ پر کام مکمل کرائیں۔ سرگرمی آج بچوں کو تدریسی مرکز لے جائیں اور ان کی پسند سے کام کروائیں۔

		''ے'' بورڈ پر لکھیں رفتار آہستہ رکھتے ہوئے لکھنے کے ساتھ ساتھ آواز نکالیں۔ اب بورڈ پر لکھے گئے تمام حروف پر باری باری انگلی یا پوائنٹر پھیرتی جائیں اور آواز نکالیں۔ دہرائی کرائیں اور اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ڈیسک پر یا ہوا میں لکھنے کی کوشش کریں۔	اب ''ی'' کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ آخر میں ''ے'' کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے:؟ اس مشق کے بعد اگر استاد چاہے تو پڑھائے گئے حروف میں سے کچھ حروف کی مشق کرا سکتا ہے۔ مختلف حروف کے فلیش کارڈ دکھا کر پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ اور اسکی آواز کیا ہے؟	وَ ویگن وُ ویل مچھلی و وردی اب ''ہ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا فلیش کارڈ دکھائیں اور ''ہ'' سے شروع ہونے والے الفاظ کا تعارف کرائیں۔ ہ ہاتھی حرف اور تصویر دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب ''ہ'' سے شروع ہونے والے اور الفاظ کا تعارف کرائیں اور تصاویر دکھاتی جائیں۔ ہ ہتھوڑی ہ ہونٹ ہ ہاتھ اب ''ی'' اور ''ے'' کا کارڈ دکھائیں اور ''ی ''یے'' سے شروع ہونے والے الفاظ کا تعارف کرائیں۔	میں سے کوئی کہانی سنائیں۔ (کہانی دلچسپ انداز میں سنائیں تاکہ بچوں میں یہ جاننے کا شوق پیدا ہو کہ آگے کیا ہوگا)	

ی ے یـ یکہ

چھوٹی اور بڑی شکل کا کارڈ اور تصویر دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟

اب اور الفاظ کا تعارف کرائیں۔

ی ے یـ یادگار

اب ''ء'' کے بارے میں بتائیں کہ ہم نے ء کیوں نہیں لکھا بچوں کو سمجھائیں ''ء'' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ ''ء'' کی آواز بتائیں کہ جھٹکے کے ساتھ ہوتی ہے۔ اور یہ کہ یہ الفاظ کے اوپر لگایا جاتا ہے تاکہ ان کی آواز درست طریقہ سے ادا کی جاسکے۔

سرگرمی

حروف تہجی کی ترتیب کرائیں۔

(سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)

عنوان "موسم"

* سب سے پہلے بچوں کو ۴ موسموں کے نام بتائیں۔

ٹیچر ہر موسم کے بارے میں بچوں کو معلومات پہنچائے۔ موسم کے بارے میں بات چیت سوالات کریں۔ بچوں کو ہر موسم کی تصویر دکھا کر، اس پر سوالات کرے۔ بچوں کو چار موسموں کے بارے میں معلومات فراہم کرے۔ مثال کے طور پر بہار میں پھول کھلتے ہیں، خزاں میں پتے درختوں سے گر جاتے ہیں۔ سرما میں سردی اور برف باری ہوتی ہے۔ موسم گرما میں گرمی ہوتی ہے اور ہم ٹھنڈی چیزیں استعمال کرتے ہیں۔

چاروں موسم والی نظم گائیں۔

سال کے موسم ہوتے ہیں چار
سردی، گرمی، خزاں، بہار۔

چاروں کا ہم لطف اٹھائیں
آؤ مزے سے مل کر گائیں۔

رنگ بھریں اور تصویر بنائیں
نہیں کریں کام تو پڑ جائے گی مار۔

ٹیچر چاروں موسموں کی تصاویر خود بنائے اور کمرۂ جماعت میں لگائے۔

فروری

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
3	بھ پھ تھ ٹھ	دوچشمی "ھ" الفاظ "بھ" بھاری آواز کے ساتھ بتائیں۔ "ب" کی چھوٹی شکل بورڈ پر لکھیں اور پھر دوچشمی ھ لکھیں بچوں کو بتائیں کہ دوچشمی "ھ" جس بھی حرف کے ساتھ لگتی ہے اسکی آواز بھاری کر دیتی ہے جیسے "ب۔ ھ بھ" اب دوبارہ بورڈ پر لکھیں اور رفتار آہستہ رکھیں تاکہ بچے دیکھ سکیں اور بناوٹ سمجھ سکیں۔ اس دوران بچوں سے کہیں کہ وہ ڈیسک پر یا ہوا میں لکھنے کی مشق کریں اور ساتھ	بھ پھ تھ ٹھ پر کام جاری رکھیں۔ ان تمام حروف کے فلیش کارڈ دکھائیں، بھ کے ساتھ ب، پھ کے ساتھ پ، تھ کے ساتھ ت اور ٹھ کے ساتھ ٹ بھی ہو۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے بھ پھ تھ ٹھ کی تحریری شکل اور آواز بتانے کا مظاہرہ کرائیں۔ اگر بچوں کو کسی قسم کی مشکل ہو تو نرمی سے مدد کریں۔ بھ کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟	بھ پھ تھ ٹھ سے شروع ہونے والی اشیاء کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں باری باری بھ پھ تھ اور ٹھ سے شروع ہونے والے الفاظ کا تعارف تصویر اور حرف دکھا کر کرائیں۔ بھ بھالو حروف اور تصویر کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب بھ سے کچھ اور الفاظ کا تعارف تصویر دکھا کر کرائیں۔ بھ بھیڑ بھ بھائی اب پھ سے شروع ہونے والے الفاظ	ورک شیٹ پر کام کرائیں۔ بھ پھ تھ ٹھ کے فلیش کارڈ دکھائیں اور آواز بتاتی جائیں ان حروف کی تحریری شکل کی پہچان کے لیے بورڈ پر لکھیں اور آواز نکالتی جائیں اب تمام حروف کو ورک شیٹ پر مکمل کرائیں بچے پنسل سے حروف مکمل کریں۔ سرگرمی حروف کو محسوس کرائیں (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)	ہفتہ بھر کے کام اور مواد کا جائزہ لیں۔ بھ پھ تھ ٹھ لکھنے کی مشق بورڈ یا مٹی کی ٹرے پر کرائیں بچوں کو آج تدریسی مرکز لے جائیں اور آرٹ مرکز میں بھ پھ تھ ٹھ سے بننے والی اشیاء کی ڈرائینگ کرائیں۔ بچوں کے کام کی حوصلہ افزائی کریں اور خوبصورت ڈرائینگ بچے کے نام کے ساتھ بورڈ پر لگائیں۔

عنوان: اشکال

ٹیچر بچوں کو گراؤنڈ میں لے کر جائے۔ جیسا کہ آپ بچوں کو Maths میں Square، rectangle، triangle اور circle وغیرہ سکھا چکے ہیں۔ اب انھیں اردو میں تکون، چوکور، مستطیل اور گول سکھائیں۔ اس مقصد کے لئے ٹیچر بچوں کو گراؤنڈ میں لے کر جائے۔ بچوں کو ایک طرف کھڑا کریں۔ اب اُن کے سامنے گول چونے کی مدد سے بنوائیں۔ بنانے کے بعد کسی بھی بچے کو سامنے لائیں اور اُس سے اُس گول دائرے میں ایک اور گول بنوائیں۔ تاکہ باقی بچے اچھی طرح سمجھ لیں۔ تمام اشکال کو اسی طریقے سے بنوائیں۔

اب بچوں کو کلاس میں لے جائیں اور چاروں اشکال کے نام لکھوانا سکھائیں۔ اور پڑھائیں۔ بچوں کو ہوم ورک میں چاروں اشکال بنوانے کو دیں۔ اور مختلف رنگ بھروانے کا کہیں۔

چوکور　تکون　مستطیل　گول

عنوان " پھلوں کے نام "

جیسا کہ ہم پہلے تمام حروف سے بننے والے پھلوں کے نام بچوں کو سکھا چکے ہیں ان کے رنگ اور کن موسموں میں پیدا ہوتے ہیں یہ بھی بچوں کو پتہ چل گیا ہے۔ آج تمام پھلوں کے ناموں کے بارے میں اور کن موسموں میں پیدا ہوتے ہیں دہرائی کروائیں۔

سب سے پہلے بچوں سے پھلوں کے بارے میں سوالات کریں۔ مثال کے طور پر (۱) پھل کیسے لگتے ہیں؟ (۲) کیا آپ پھل کھاتے ہیں۔ (۳) کون کون سے؟ (۴) تصویر دکھا کر یہ کیا ہے؟ آپ نے پہلے سے تصاویر بنائی ہوئی ہیں۔

تربوز، آم، امرود، کیلا، سیب، انگور، خربوزہ، کینو، نارنگی، آڑو، آلو بخارہ، لوکاٹ، کھجور وغیرہ۔

نام بورڈ پر لکھیں، پھر بچے پڑھوائیں۔ یاد کروائیں۔ اور کاپی پر لکھنا سکھائیں۔ اس کے علاوہ پھلوں کی اشکال بنوا کر رنگ کروائیں۔ پھلوں کے نام اشکال سے ملوائیں۔ مثلاً

آم

مالٹا

. . .

				کا تعارف تصویر دکھا کر کریں۔ ٹھ ٹھیلا حرف اور تصویر دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے۔اب ٹھ سے شروع ہونے والے اور الفاظ کا تعارف کرائیں۔ ٹھ ٹھکانہ ٹھ ٹھیک سرگرمی بھ پھ تھ ٹھ سے شروع ہونے والی اشیاء اور حرف کے کارڈ ملا جلا کر رکھیں اور طلباء سے مرتب کرائیں۔		

عنوان "سبزیاں"

سب سے پہلے بچوں کو سبزیوں کے بارے میں ایک نظم پڑھوائیں ۔

آلو میاں آلو میاں کہاں گئے تھے ۔ سبزی کی ٹوکری میں سو رہے تھے ۔

بینگن نے لات ماری رو رہے تھے ۔ گاجر نے پیار کیا ہنس رہے تھے ۔

ایکشن سے پڑھائیں تاکہ بچوں کو نظم یاد ہو جائے ۔ آپ پہلے تمام حروف سے بننے والی سبزیوں کے نام بچوں کو پڑھا اور سمجھا چکے ہیں ۔ آج ان کو ہر سبزی کی تصویر دکھائیں ۔ نام اور رنگ پوچھیں ۔ مثلاً گاجر ، ٹماٹر ، بھنڈی ، مولی ، شلجم ، آلو ، بینگن ، کریلا ، پالک ، ہرا دھنیا ، پودینہ ، پیاز ، لہسن ، ادرک ، ہری مرچ وغیرہ ۔ ٹیچر ایک ٹوکری میں تمام سبزیوں کے نام اور اشکال ڈالے پھر بچوں سے باری باری بلا کر پوچھیں یہ کونسی سبزی ہے اور اسکا نام کیا ہے ۔ تمام سبزیوں کے نام لکھوانا سکھائیں ۔ یاد کروائیں ۔

گھر کا کام ! گھر پر سبزیوں میں رنگ کرنے کے لئے دے دیں ۔

فروری

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
4	جھ چھ دھ ڈھ	حروف کا تعارف الگ الگ کارڈ دکھا کر کرائیں آواز پر زور دیں۔ ''جھ'' بورڈ پر لکھیں رفتار آہستہ رکھیں اور ساتھ آواز نکالیں۔ اب ''چھ'' بورڈ پر رفتار آہستہ رکھتے ہوئے لکھیں اور ساتھ ساتھ آواز نکالیں تاکہ بچے ''چھ'' کی بناوٹ سے واقف ہو جائیں۔ اب دھ اور ڈھ آواز نکالتے ہوئے بورڈ پر آہستہ آہستہ لکھیں اور بتائیں ''د'' کے ساتھ ھ لگانے سے آواز بھاری ہوگی۔ ''ڈھ'' لکھیں اور رفتار آہستہ رکھیں بچوں سے کہیں کہ وہ آپ کے ساتھ ساتھ ہوا میں یا ڈیسک پر لکھنے	جھ چھ دھ اور ڈھ پر کام جاری رکھیں تمام حروف کے فلیش کارڈ باری باری دکھائیں اور آواز نکالیں سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے جھ چھ دھ اور ڈھ کی تحریری شکل اور آواز بتانے کا مظاہرہ کرائیں۔ ''جھ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ ''چھ'' کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ''دھ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ''ڈھ'' کا کارڈ دکھائیں اور	جھ چھ دھ اور ڈھ سے شروع ہونے والی اشیاء کا چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ ''جھ'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں اور فلیش کارڈ پر تصویر دکھائیں اور حرف دکھائیں ساتھ ساتھ بولیں جھ جھنڈا ''جھ'' دکھا کر جھنڈا دکھائیں مشق کرائیں دو تین بار جھنڈا اور حرف ''جھ'' دکھائیں۔ اب جھ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائیں جھ جھاڑو جھ جھولا	''ج'' کی چھوٹی شکل کا کارڈ دکھائیں اور آواز پوچھیں کہ یہ کس کی چھوٹی شکل ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ''ھ'' دکھائیں اور اسکی آواز پوچھیں۔ اب دونوں آوازوں کو جمع کرائیں اور ایک ساتھ نکالیں جـ+ھ = جھ اب ''چھ'' کی مشق کرائیں۔ ''دھ'' اور ''ڈھ'' کی آواز کی مشق کرانے کے بعد تمام حروف کو باری باری ٹریس کرائیں۔ ورک شیٹ پر کام مکمل کرائیں۔	ہفتہ بھر کے مواد کا جائزہ لیں ورک شیٹ پر حروف کی مشق کرائیں بچوں کو جو تصویر زیادہ پسند ہو اس کا حرف لکھنے کی مشق کرائیں اور اس تصویر میں رنگ بھروائیں بچوں کے ساتھ مل کر گیت گائیں۔ بارش چھم چھم ہوتی ہے ڈھول ڈم ڈم بجتا ہے ریل چھک چھک کرتی ہے اور دل دھک دھک کرتا ہے۔ یا بچوں کو کوئی کہانی سنائیں

عنوان: متضاد الفاظ

ٹیچر بچوں سے چند سوالوں کے ذریعے متضاد یعنی الٹ الفاظ کے بارے میں بات چیت کریں گے - مثلاً ہم سوتے کب ہیں؟ (رات)
کام کس وقت کرتے ہیں؟ (دن کو) - پھر بچوں کو بتائیں دن کا الٹ رات ہوتا ہے - اسی طرح ایک بچے کو کرسی پر کھڑا کریں۔ اور دوسرے
کو نیچے بٹھائیں - پھر انھیں اوپر اور نیچے کا تصور واضح کریں۔ اسی طرح ایک بچے کو اندر اور دوسرے کو باہر کریں اور اندر اور باہر کا
تصور بتائیں - ٹھنڈے پانی میں ہاتھ ڈلوا کر ٹھنڈے اور گرم کا تصور بتائیں -
تمام الٹ یعنی متضاد الفاظ کا چارٹ بنا کر بچوں کو سمجھائیں۔ ساتھ تصویریں بھی سمجھائیں اور بتائیں -
مثلاً رات، دن - بڑا چھوٹا، گرم ٹھنڈا، زیادہ کم، خوش اداس، باہر اندر، اوپر نیچے وغیرہ -

		کی کوشش کریں ان حروف کے فلیش کارڈ سے پہچان کی مشق کرائیں۔	پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ''ڈھ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں کہ یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ تمام بچوں کو اس سرگرمی میں شامل کرنے کی کوشش کریں اور اگر کسی بچے کو مشکل پیش آئے تو اسکی نرمی سے مدد کریں۔ اس دوران پہلے سے پڑھائے گئے حروف بھی استاد پوچھ سکتا ہے۔	جھ جھاگ اب ''چھ'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں۔ فلیش کارڈ سے تصویر اور حرف دکھائیں اور ساتھ ساتھ بولیں ''چھ'' چھتری اب چھتری کی تصویر دکھائیں اور پھر حرف دکھائیں ''چھ'' مشق کرائیں اور دوتین بار بولیں اب چھ کے اور الفاظ بتائیں۔ چھ چھت چھ چھکا چھ چھاچھ تصاویر دکھائیں اور ساتھ ساتھ بولتی جائیں۔ اب ''ڈھ'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں۔ فلیش کارڈ	سرگرمی پڑھائے گئے حروف کے کارڈ اور تصاویر ملا جلا کر رکھیں بچوں سے حروف کی ترتیب لگوائیں اور پھر تمام حروف کے سامنے تصاویر لگوائیں ہر حرف کے سامنے دو یا تین تصاویر لگوائیں تاکہ بچے صرف ایک حرف کارڈ نہ لگائیں بلکہ پہچان کریں۔	اور اپنی آواز میں اتار چڑھاؤ سے تجسس پیدا کریں۔ کوئی بچہ کہانی سنانا چاہے تو ضرور سنیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

بچے بورڈ پر ایک سے پانچ تک گنتی لکھ دے۔ پھر بچوں سے پوچھے ایک ہاتھ میں کتنی انگلیاں ہوتی ہیں؟ گن کر بتائیں۔ پھر بچوں سے کہیں ایک دوسرے کے ہاتھ کی انگلیاں گن کر بتائیں۔ اس کے بعد بچوں کو گروپ میں تقسیم کر دیں۔ پھر ہر گروپ کو ایک ایک دھاگا دیں اور ساتھ میں ۱۰ موتی دیں بچوں کو بولیں دھاگے میں کہ موتی ڈالیں اس طرح پتہ چلے گا کہ بچوں نے ۱۰ میں سے کتنے موتی ڈالے ہیں۔ بچوں کو 1 سے 5 تک گنتی لکھ کر کاپی میں دیں۔ ساتھ ساتھ پڑھاتے جائیں تاکہ گنتی کے جوڑ آ جائیں۔ مختلف چیزیں بنا کر کاپی میں گنتی سے میل ملائیں۔ جب تک بچے ایک سے پانچ تک لکھ اور پڑھ نہ سکیں یہ عمل کرواتے رہیں۔

1 سے 5 تک کروانے کے بعد 6 سے دس تک گنتی کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ اپنے ہاتھوں کی انگلیاں گنیں۔ تاکہ عملی طور پر ان کو ۱۰ کا پتہ چل جائے۔ اوپر دیا گیا طریقہ 6 سے ۱۰ تک کی گنتی کے ساتھ بھی کریں۔

دکھائیں اور تصویر دکھا کر بولیں۔
دھ   دھوبی
''دھ'' دکھا کر دھوبی کی تصویر دکھائیں
اور مشق کرائیں۔
اب ''دھ'' کے اور الفاظ بتائیں۔
دھ   دھاگا
دھ   دھوپ
دھ   دھات
تمام کی تصاویر دکھائیں اور لفظ بولیں۔
اب ''ڈھ'' سے شروع ہونے والے
لفظ کا تعارف کرائیں۔ فلیش کارڈ
سے تصویر دکھائیں
ڈھ   ڈھول
تصویر اور لفظ کی مشق کرائیں۔
اب ''ڈھ'' کے اور الفاظ بتائیں۔
تصاویر دکھا کر مشق کرائیں۔

		ڈھ ڈھولک ڈھ ڈھال ڈھ ڈھیر اب تصویر اور حرف کی پہچان پختہ کرائیں تمام حروف اور تصاویر ملا جلا کر رکھیں اور پوچھیں ساتھ ساتھ خود مدد کریں تا کہ بچے جلدی سیکھ جائیں۔				

مارچ

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
1	ڑھ کھ گھ	حروف کا تعارف الگ الگ کارڈ دکھا کر کرائیں اور آواز پر زور دیں۔ ڑھ بورڈ پر لکھیں، رفتار آہستہ رکھیں اور آواز نکالیں اب ''کھ'' بورڈ پر آہستہ رفتار رکھتے ہوئے لکھیں اور آواز نکالیں تاکہ بچے آواز اور بناوٹ سمجھ سکیں۔ اب ''گھ'' رفتار آہستہ رکھتے ہوے بورڈ پر لکھیں اور آواز نکالیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ''دوچشمی ھ'' کی آواز بھاری ہوتی ہے اسلیے جس حرف کے ساتھ لگتی ہے اس کی آواز بھاری کر دیتی ہے اب دوبارہ تمام لکھے ہوئے حروف	''ڑھ، کھ اور گھ'' پر کام جاری رکھیں۔ تمام حروف کے فلیش کارڈ باری باری دکھائیں اور آواز نکالیں۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے ڑھ، کھ اور گھ کی تحریری شکل اور آواز بتانے کا مظاہرہ کرائیں۔ ڑھ کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ ''کھ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ''گھ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ تمام بچوں کو اس سرگرمی میں شامل	''ڑھ، کھ اور گھ'' سے شروع ہونے والی اشیاء کا چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ ڑھ سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں اور فلیش کارڈ پر تصویر دکھائیں ساتھ ساتھ بولیں۔ ڑھ ریڑھی ڑھ داڑھ بچوں کو بتائیں کہ یہاں ''ڑھ'' آخر میں استعمال ہوا ہے۔ اس سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا بلکہ اسے مکمل کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اب ''کھ'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں فلیش کارڈ سے تصویر دکھائیں اور بولیں۔	''ڑ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے اب ''ھ'' کی آواز پوچھیں کیا ہے۔ اب ''ڑ'' اور ''ھ'' کی آواز کو اکٹھا بولیں ''ڑھ'' اور بتائیں کہ ''ھ'' کے ساتھ مل کر آواز بھاری ہوگئی ہے۔ اب ''ک'' کی چھوٹی شکل کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ''ھ'' کی آواز ساتھ ملانے کو کہیں۔ اب ''کھ'' بتائیں کہ بھاری ہوگئی ہے اب گ کی چھوٹی شکل کا کارڈ	ہفتہ بھر کے پڑھائے گئے مواد کا جائزہ لیں۔ ورک شیٹ پر حروف مکمل کرائیں۔ سرگرمی آج بچوں کو آرٹ مرکز لے جائیں اور حروف تراشیں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں) لھ مھ اور نھ سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا لیکن الفاظ کے طور پر حروفِ تہجی میں انہیں پڑھایا جائے۔

		پر پوائنٹر یا انگلی پھیرتی جائیں اور آوازنکالتی جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ڈیسک پر یا ہوا میں انگلی سے لکھنے کی مشق کریں۔	کرنے کی کوشش کریں خاص طور پر قدرے سست بچوں کو اس دوران اگر بچے مشکل محسوس کریں تو استاد ان کی مدد کرے۔ اس سرگرمی کے دوران استاد اپنی مرضی سے پہلے سے پڑھائے گئے حروف بھی پوچھ سکتا ہے۔	کھ کھڑی اب اور الفاظ بھی بتائیں اور تصاویر دکھاتی جائیں۔ کھ کھال کھ کھجور کھ کھمبا اب باری باری حروف کے کارڈ دکھائیں اور ساتھ اس سے شروع ہونے والے الفاظ دکھائیں اور اشیاء کی تصاویر دکھائیں ساتھ ساتھ بولیں تاکہ مشق کے ساتھ پہچان پختہ ہوجائے۔ اب ''گھ'' سے شروع ہونے لفظ کا تعارف کرائیں۔ گھ گھڑی اب اورلفاظ بتائیں گھ گھوڑا، گھر اور گھاس	دھا میں اور ''ھ'' ساتھ ملا کر آوازنکالیں ''گھ''۔ اب تمام حروف ٹریس کرائیں۔ ورک شیٹ پر لکھنے کی مشق کرائیں جو حرف زیادہ خوبصورت لکھیں اس میں رنگ بھروائیں اور حوصلہ افزائی کریں۔	لھ، مھ اور نھ کے مختلف الفاظ بنائیں۔ انھی دولھا دلھن کمہار کلہاڑی چولھا حروف سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھائیں اور نام دہرائیں تاکہ بچے سمجھ سکیں۔

مارچ

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
2	آب آپ آت آٹ	حروف کی آوازیں ٹیپ ریکاڈر سے سنوائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ساتھ بولنے کی کوشش کریں۔ مد "ـــ" کی آواز نکالیں بچوں کو غور سے سننے کے لیے کہیں اب "ا" کی چھوٹی آواز نکالیں اور بچوں کو غور سے سننے کے لیے کہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ "ـــ" سے آواز کھینچی جاتی ہے۔ اب پہلے بورڈ پر لکھیں الف "ا" اور آواز نکالیں اب دوبارہ الف "ا" بورڈ پر لکھیں اور اوپر مد "ـــ" لگائیں اور آواز نکالیں "آ" بورڈ پر لکھے گئے حروف پر انگلی یا پوائنٹر	"آ" سے شروع ہونے والی اشیاء کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں بچے پہلے حروفِ تہجی آوازوں کے ساتھ سیکھ چکے ہیں لہذا یہاں آوازوں کو ملا کر بولنے کی مشق کرنا ہمارا مقصد ہے "آ" کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب "آ" کے کارڈ کے دوسرے حروف کے ساتھ باری باری دکھائیں۔ "آ" کے ساتھ "ب" کا کارڈ دکھائیں اور "ب" کی آواز پوچھیں پھر دونوں کی اکٹھی آواز پوچھیں "آب" اب "آ" کے کارڈ کے	"آ" پر کام جاری رکھیں "آ" سے بننے والے الفاظ کا تعارف رنگین کارڈ دکھا کر کرائیں۔ آج آد آر آڑ اب مزید الفاظ آس آش آف آگ آل آم آن آہ سرگرمی حروف کے کارڈز اٹھائیں بولیں (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)	"آ" کی آواز کی مشق جاری رکھیں مختلف حروف کے کارڈ دکھا کر آواز نکالیں جیسے آم آج آگ آس آن آپ بچے "ـــ" کی آواز سیکھ چکے ہیں ورک شیٹ پر کام کرائیں اور حروف کے ٹریس پر کام کریں۔	ہفتہ بھر کے مواد کا جائزہ لیں آج کہانی کا وقت ہے۔ بچوں سے کہانی سنے اور خود انکو کہانی سنائیں ممکن ہو تو کہانی کی کوئی کتاب دکھائیں اور تصویری کہانی مکمل کرائیں۔

		پھیریں اور رفتار آہستہ رکھیں بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ڈیسک پر الف اور پھر ''آ'' اپنی انگلی سے لکھیں اور ساتھ ساتھ آواز نکالیں۔ نوٹ: یہاں الف اور آ کی آواز میں فرق بچوں کو عملی طور پر کرائیں تاکہ آواز کی پہچان پختہ ہو جائے۔	ساتھ ''پ'' لگائیں اور پہلے اسکی آواز پوچھیں پھر دونوں کارڈ ساتھ دکھائیں اور آواز پوچھیں ''آپ'' سرگرمی حروف کے کارڈز دیکھ کر آواز نکالنے کا عملی مظاہرہ جماعت کے سامنے کرائیں۔ ''آ'' اور ''ب'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اس کی آواز کیا ہے؟ اب ''آ'' اور ''پ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اسطرح پڑھائے گئے حروف کی آوازیں پوچھیں اور مشکل پیش آنے کی صورت میں بچوں کی مدد کریں۔			

حروف کی چھوٹی شکل کو آواز کے طور پر سکھایا جا چکا ہے فلیش کارڈ کی مدد سے اب حروفِ تہجی کو جوڑنے اور آوازوں کو ملا کر بولنے سے بچے پڑھنے اور بڑھتے ہوئے حروف کو جوڑ کر لکھنے کے عمل سے گزر کر لکھنا پڑھنا سیکھیں گے۔ پہلے دو حروف کو جوڑنا اور ان کی آواز نکالنا جیسے ب۔ا ''با'' دو آوازوں کو ملا کر بولیں یعنی اکائی کی طرح ''با'' پڑھیں اس سے بچوں کو پڑھنے کی رفتار اچھی ہوگی۔ (بے، الف با) پڑھنا اچھا نہیں ہوگا۔ ب۔ا ''با'' آواز کو دوسری آواز سے ملائیں ب۔ا ''با'' پڑھائیں، ت۔ا ''تا''، ٹ۔ا ''ٹا'' یا ''با'' اور ''جا'' کے الگ الگ فلیش کارڈ دکھائیں اور بچوں کو بولنے کے لیے کہیں پھر دونوں کو اکٹھا جوڑ کر دکھائیں ''باجا'' اور بچوں سے کہیں دونوں کو اکٹھا بولیں ''باجا'' یعنی ب ا ''با'' ج ا ''جا'' ''باجا'' پڑھنے میں بچوں کو پڑھنے کی رفتار کم رہے گی مگر حروف کو آوازوں سے پڑھنے یا چھوٹی اشکال کو ملا کر پڑھنے سے یہ عمل سست نہیں رہے گا۔ لہٰذا پوری توجہ چھوٹی اشکال اور آوازوں پر رکھیں اور بچوں سے مشق کرائیں۔

مارچ

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
3	با پا تا ٹا	دو حروف کو جوڑ کر لفظ بنانا۔ ٹیپ ریکاڈر پر حروف تہجی کی آوازوں کو سنوائیں بچوں سے کہیں کہ وہ ساتھ ساتھ آوازوں کی مشق کریں۔ بورڈ پر ''ب'' لکھیں پھر ''ب'' کی چھوٹی شکل لکھیں ''بـ'' اور آواز نکالیں اب الف ''ا'' لکھیں اور آواز نکالیں دوبارہ بورڈ پر دوسری لائن لکھیں بـ+ا = با دونوں حروف کے لیے الگ الگ رنگ کے چاک استعمال کریں یا پھر بہ اور ''ا'' کے دو رنگوں کے فلیش کارڈ استعمال کریں تاکہ بچے جوڑ سے	''با، پا، تا اور ٹا'' پر کام جاری رکھیں۔ آوازوں کی شناخت پر زیادہ زور دیں بچے حروف کی چھوٹی شکلوں سے واقف ہیں یہاں مزید مشق کے لیے سرگرمی کرائیں۔ سرگرمی جماعت کے سامنے بچوں سے عملی مظاہرہ کرائیں حروف کی چھوٹی اشکال کے فلیش کارڈ دکھائیں اور انکی آواز پوچھیں۔ پہ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے اب ''آ'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ''پ'' کی چھوٹی شکل	منگل کا کام جاری رکھیں آج اور نئے الفاظ کا تعارف کرائیں اب حروف کے ساتھ ''وٗ'' کی آواز شامل کریں۔ ''بـ'' کی چھوٹی شکل اور ''وٗ'' کا کارڈ دکھائیں اور آواز نکالتے ہوئے دو رنگوں میں ''بوٗ'' لکھا ہوا دکھائیں۔ بوٗ، پوٗ، توٗ اور ٹوٗ اب ''ی'' کے ساتھ الفاظ بنائیں۔ بی، پی، تی اور ٹی اب ''ے'' سے الفاظ بنائیں۔ بے، پے، تے، ٹے سرگرمی گتے کے ٹکڑے کاٹ کر حروف بنائیں اور بچوں سے وہ حروف جوڑنے کو	گذشتہ مشق جاری رکھیں اور ا، و، ی اور ''ے'' سے بنائے گئے الفاظ کے کارڈ تیار رکھیں۔ با۔ پا۔ تا۔ ٹا بو۔پو۔تو۔ٹو بی۔پی۔تی۔ٹی بے۔پے۔تے۔ٹے سرگرمی میز پر سارے کارڈ اسی ترتیب سے رکھیں اور پھر باری باری بچوں سے کوئی سے دو کارڈ اٹھا کر آواز نکالنے یعنی پڑھنے کو کہیں۔ اگر بچے مشکل محسوس کریں تو انکی مدد کریں۔	ہفتے بھر کے کام کا جائزہ لیں۔ آج بچوں کو آرٹ مرکز لے جائیں اور وہاں مختلف پھولوں و سبزیوں اور مختلف استعمال کی چیزوں کی رنگین تصاویر دکھائیں یا رنگین تصویری چارٹ دکھائیں اور پڑھائے گئے حروف سے شروع ہونے والی اشیاء میں سے کسی دو چیزوں کی ڈرائنگ کرائیں اور رنگ بھروائیں حروف سے بنائے گئے الفاظ بھی

		واقف ہو جائیں۔ اب بورڈ پر ''پ'' لکھیں اور الف لکھیں دوسری لائن پ کی چھوٹی شکل اور الف لکھیں تیسری لائن پ+ا = پا لکھیں ساتھ ساتھ بولیں آواز بہت صاف اور اونچی رکھیں لیکن لکھنے کی رفتار آہستہ رکھیں۔ اب لکھے گئے حروف پر پوائنٹر یا انگلی پھیرتی جائیں اور آواز نکالتی جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ہوا میں یا اپنے ڈیسک پر انگلی سے لکھنے کی کوشش کریں۔	دکھائیں اور دوسرا کارڈ ''ا'' الف کا دکھائیں پ ا، دونوں کی اکٹھی آواز پوچھیں ''پا'' اب ''آ'' کا کارڈ دکھائیں اور آواز پوچھیں پھر اس فلیش کارڈ کے ساتھ ''پا'' کا فلیش کارڈ دکھائیں۔ آ پا جب بچے دونوں آوازوں کو ملا کر بولیں تو پھر تیسرا کارڈ دکھائیں جس کے ساتھ تصویر بھی ہو آپا اب فلیش کارڈ کی ترتیب بدل دیں اور آواز کی شناخت کرائیں ''ا'' پھر ''پ'' اور پھر ''آ'' کی آواز نکالنے کو کہیں۔ اسطرح حروف اور انکی آواز کی پہچان پختہ ہوگی۔ جب بچے	کو کہیں جیسے بو۔ پی۔ پے۔ تے ورک شیٹ پر لکھنے کی مشق کرائیں اور حروف کی بناوٹ پر توجہ دلائیں تاکہ لکھنے کی مشق ہو سکے دو رنگوں میں لکھوائیں تو حروف کی بناوٹ اور جوڑ سمجھنے میں آسانی ہوگی جیسے بو سرخ اور سبز میں ہو تو جلدی سمجھ آئے گا اور بچے کی دلچسپی قائم رہے گی۔	بوٹی - پوتی بابے - ٹوپی پوتے - بوتا ٹوٹا - تاپے بوتے - بوتی پاتے یہی الفاظ ورک شیٹ پر لکھنے کی مشق کرائیں۔	لکھوائیں۔

			روانی سے ''آپا'' پڑھنے لگیں تو پھر استاد اپنی مرضی سے یہاں مختلف حروف سے مشق کرا سکتا ہے۔ آٹا۔آتا۔بابا چاچا۔باجا			

مارچ

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
4	حروف سے الفاظ بنانا اور چھوٹا جملہ بنانا	ٹیپ ریکارڈ پر حروفِ تہجی کی آوازیں سنوائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ساتھ ساتھ آوازوں کی کوشش کریں۔ بورڈ پر ''م'' کی چھوٹی شکل لکھیں مـ۔اور پھر ''ا'' لکھیں۔دوسری لائن میں دونوں کو جوڑ کر لکھیں ما۔اب ''ل'' کی چھوٹی شکل لـ لکھیں اور ''ا'' لکھیں۔اب دونوں کو جوڑ کر لکھیں لا۔ اب دونوں کو اکٹھا لکھیں اور ساتھ بولیں مالا۔ لکھتے ہوئے رفتار آہستہ رکھیں تاکہ بچے بناوٹ دیکھ سکیں اب اس میں اضافہ کریں بورڈ پر لکھیں آپا۔یہ لفظ بچے پہلے	حروف سے جملے بنانے اور پڑھنے پر کام جاری رکھیں۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے الفاظ اور چھوٹا جملہ پڑھنے کا عملی مظاہرہ کرائیں۔فلیش کارڈ پر ''مـــا'' دو رنگوں میں لکھا ہوا دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے ''لا'' کا دو رنگوں سے لکھا گیا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب پورے الفاظ والا کارڈ دکھائیں ''مالا'' دو رنگوں سے لکھا گیا ہو تو بہتر ہے۔اب ''مالا'' کے ساتھ دوسرا کارڈ دکھائیں ''لا'' اور	الفاظ اور جملوں پر کام جاری رکھیں اور جو الفاظ جملے میں استعمال کریں ان سے متعلقہ تصاویر جماعت میں لگائیں۔ اور ان چیزوں کے بارے میں بچوں سے بات کریں جیسے تالا۔ چابی۔ باجا۔ مالا۔ آم۔ جوتا۔ جالا۔ مرغا۔ اب ا، و، ی اور ے کا استعمال کرائیں اور نئے الفاظ کا تعارف کرائیں۔ بھا۔ پھو۔ تھے اور ان سے مزید الفاظ بنائیں۔ بھائی پھول آتے تھے کھاتا اب جملے بنائیں	پڑھائے گئے حروف کے فلیش کارڈز دکھائیں اور آوازوں کی پہچان کرنے کے لیے خود الفاظ دہرائیں خاص کر ا۔و۔ی اور ''ے'' لگانے سے کیسے آواز بدلتی ہے۔ سرگرمی پڑھائے گئے حروف کے کارڈ بچوں کو دکھائیں اب اخبار یا رسالے کے تراشے سے الفاظ تلاش کرائیں (الفاظ ڈھونڈیں) سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں یا اگر اخبار رسالے نہ مل سکیں تو خود بچوں کے لیے عبارت تیار کریں	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں آج بچوں کو تدریسی مرکز لے جائیں اور آج لکھائی مرکز کا انتخاب کریں۔

		پڑھ چکے ہیں اس لیے خود آواز بلند رکھنے کے ساتھ بچوں سے کہیں کہ وہ بھی بولیں۔ اب آپا کے ساتھ مالا لکھیں اور بچوں سے کہیں وہ بھی بولیں آپا مالا۔اب تیسرا لفظ لکھیں آپا مالا لا۔ اب دوسرا جملہ لکھیں آ بابا آ۔ دوبارہ جملے پر انگلی یا پوائنٹر پھیرتے ہوئے الفاظ دہرائیں پھر دوسرے جملے پر انگلی یا پوائنٹر پھیرتی جائیں اور آواز بلند رکھیں تاکہ بچے صاف سن سکیں اور بناوٹ سمجھ سکیں بچوں سے کہیں کہ وہ بھی ہوا میں اپنے ڈیسک پر انگلی سے لکھنے کی مشق کریں۔	اکٹھا پڑھنے کو کہیں مالا لا اب ایک اور کارڈ دکھائیں ''م ـــ ا م ـــ ا'' اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب مالا سے پہلے یہ کارڈ دکھائیں اور تینوں کو اکٹھا پڑھنے کے لیے کہیں ''ماما مالا لا'' اسی طرح دوسرا جملہ پڑھانے کا مظاہرہ کرائیں۔ بابا باجالا۔ جہاں بچے مشکل محسوس کریں وہاں مدد کریں اور پڑھنے پر حوصلہ افزائی کریں۔	پھول دے دو۔ کھانا کھالو۔ اگر بچوں کی مقامی زبان اردو کے علاوہ کوئی اور ہے تو استاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہر لفظ کے بارے میں بات کرے اور بچوں کو بھی بولنے کا موقع دے جیسے پھول۔ بھائی۔ کھانا۔کھا۔لو۔دے اس سے بچے بولنے میں آسانی محسوس کریں گے۔اردو میں بات کر سکیں گے اور ان میں خود اعتمادی آئے گی۔	جس میں چھوٹے چھوٹے یا مقصد جملے لکھیں جن مین وہ الفاظ موجود ہوں جو آپ بچوں کو تلاش کرانا چاہتی ہیں۔ ورک شیٹ پر وہی الفاظ لکھنے کی مشق کرائیں۔	

اپریل

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
1	َ زبر	تمام حروفِ تہجی اور انکی آوازیں سکھانے کے بعد اب زیر، زبر اور پیش کی آواز سکھائی جائے۔ زبر کی آواز بتاتے ہوئے استاد خاص طور پر اس بات کا خیال رکھے کہ زبر کی آواز الف کی طرح نہ بننے پائے جیسے ب کو "با" نہ پڑھا جائے بلکہ آواز چھوٹی رہے۔ اس طرح آواز کی مشق کرائی جائے۔ ٹیپ ریکارڈ سے زبر َ کی آواز سنائیں۔ بچوں سے کہیں کہ غور سے سنیں اور ساتھ بولنے کی مشق کریں۔ بچے حروف تہجی کی چھوٹی بڑی اشکال لکھنا اور پڑھنا پہلے سے	َ زبر پر کام جاری رکھیں آج زبر کے الفاظ کی مشق کے لیے سرگرمی کرائیں سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے زبر کی آواز کا عملی مظاہرہ کرائیں۔ اَ کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب "اَب" کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب "جَب" کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اس کی آواز کیا ہے؟ اب "چَل" کا کارڈ دکھائیں اور	َ زبر کے الفاظ اور آواز پر کام جاری رکھیں۔ آج زبر َ کے کچھ نئے الفاظ کا تعارف کرائیں اور الفاظ سے متعلقہ تصاویر جماعت میں نمایاں جگہ پر لگائیں۔ رنگین فلیش کارڈ سے الفاظ کا تعارف کرائیں۔ چادَر چاوَل بابَر دَریا <u>جملے</u> لکھ کر الفاظ کی شناخت پختہ کرائیں۔ آپا چادر دے دو۔ بابا چاول لانا۔ بابر کا خط آیا۔ دریا پار کر۔	َ زبر کی آواز کی پہچان پختہ کرانے کے لیے َ زبر اور الف کے الفاظ کی مشق کرائیں تا کہ بچے سمجھ سکیں کہ زبر کی آواز چھوٹی اور الف کی آواز لمبی ہوتی ہے۔ جیسے "ب" پر زبر لگانے سے آواز چھوٹی "بَ" اور ب کے ساتھ الف لگانے سے لمبی ہوتی ہے "با"۔ بَل بال پَر پار دَل دال رَن ران	پڑھائے گئے تدریسی مواد کا جائزہ لیں بچوں کو آج کہانی مرکز لے جائیں وہاں ان کو کہانی سنائیں اور پھر ان سے بھی سنیں اگر تصویری کہانی کی کوئی کتاب موجود ہو تو وہ تصویریں دیکھ کر بچوں کو کہانی سنانے کا موقع دیں۔ بچے جیسی بھی کہانی سنائیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

		سیکھ چکے ہیں لہذا ابتمام حروف پر زبر لگا کر آواز بتائیں۔ بورڈ پر اَ لکھیں اور آواز نکالیں بَ بَ۔ لکھیں اور آواز نکالیں تَ تَ۔ٹَ ٹَ۔ثَ ثَ۔ لکھتی جائیں۔ اب ایسے حروف لکھیں جو زبر کی آواز سے شروع ہوتے ہیں جسے اَب۔ جَب۔ چَل۔تَب۔ٹَپ۔ بَل۔جَم۔خَم۔خط۔ اب فلیش کارڈ دکھائیں اور باری باری زبرَ کے حروف کی مشق کرائیں۔ یہی زبرَ کے الفاظ ورک شیٹ پر لکھنے کی مشق کرائیں۔	پوچھیں کہ یہ کیا ہے اور اس کی آواز کیا ہے؟ یہاں کارڈ ایسے استعمال کریں جن میں زبر کا رنگ الفاظ کے رنگ سے مختلف ہو۔ استاد اس سرگرمی کے دوران نئے زبر کے حروف بھی پوچھ سکتا ہے۔ اگر بچے مشکل محسوس کریں تو ان کی نرمی سے مدد کریں اور درست بتانے پر بہت حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ پر زبرَ کے الفاظ لکھنے کی مشق کرائیں۔بـ +ر بر۔ بـ + س بس چـ+ ل چل۔	سرگرمی فلیش کارڈز پر زبر کے مختلف الفاظ لکھیں۔ جماعت کے تین گروپ بنا کر زبر کے الفاظ پڑھنے کا مقابلہ کرائیں۔ اب وہی الفاظ بورڈ پر یا ورک شیٹ پر لکھ کر دیں تا کہ بچے دیکھ کر لکھنے کی کوشش کریں۔	جَل جال ورک شیٹ پر پہلے زبر اور پھر اسی کے ساتھ الف لگا کر الفاظ لکھوانے کی مشق کریں۔	

اپریل

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ ہفتہ
2	ـِ زیر	ٹیپ ریکارڈر سے ـِ زیر کی آواز سنوائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ بھی ساتھ ساتھ بولیں۔ ـِ زیر کی آواز نکالتے ہوئے اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ یہ آواز ''ے'' کی طرح نہ نکلے۔ رنگین فلیش کارڈ پر ـِ زیر دکھائیں اور بتائیں کہ زیر حروف کے نیچے لگائی جاتی ہے اور اس کی آواز بھی نیچی رہتی ہے۔ اب فلیش کارڈ پر ''اِس'' دکھائیں اور آواز نکالیں اب ''دِن'' کا کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں ''مِل'' کا کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں اب	زیر پر کام جاری رکھیں۔ زیر کی آواز کی مشق اور پہچان کے لیے سرگرمی کرائیں۔ سرگرمی زیر کی آواز اور پہچان کا جماعت کے سامنے عملی مظاہرہ خوبصورت رنگین فلیش کارڈ جن پر ـِ زیر مختلف رنگ کی لکھی ہو وہ دکھائیں۔ ''اِن'' کا فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں کیا ہے؟ ''پھِر'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ ''تِب'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے۔	زیر کی آواز اور الفاظ پر کام جاری رکھیں۔ آج زیر کے نئے الفاظ کا تعارف کرائیں۔ الفاظ سے متعلقہ تصاویر جماعت میں نمایاں جگہ پر لگائیں رنگین فلیش کارڈ سے نئے الفاظ کا تعارف کرائیں جن کے نیچے ـِ زیر مختلف رنگ میں لگائی گئی ہو۔ چڑِیا — کِتاب پاکِستان — لِکھنا آخِر — خارِج ناصِر — لازِم ان الفاظ کا استعمال چھوٹے جملوں میں کرائیں پڑھنے میں بچوں کی مدد	ـِ زیر کی آواز کی پہچان پختہ کرانے کے لیے زیر اور ''ے'' کے الفاظ کی مشق کرائیں بڑی ''ے'' کا کارڈ چھوٹی شکل کے ساتھ دکھائیں ''ے یے'' اب ''ے'' الفاظ میں استعمال کریں۔ اِک — ایک بِل — بیل تِل — تیل دِن — دین مِل — میل ورک شیٹ پر یہی یا ان سے ملتے جلتے الفاظ لکھنے کی مشق کرائیں۔	ہفتے بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں آج بچوں کو آرٹ مرکز لے جائیں اور گروپ بنا کر بچوں کی مرضی کے مطابق ان سے کام کرائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ان کا کام جماعت میں لگائیں۔

		بورڈ پر ''اِس'' لکھیں اور آواز نکالیں اب ''بِل'' لکھیں اور آواز نکالیں ''تِل'' لکھیں اور آواز نکالیں۔ اب ''بارِش'' لکھیں اور وارِث، طارِق، قاسِم۔ اگر جماعت میں سے کسی کے نام کے پہلے یا دوسرے حرف کے نیچے زیر لگتی ہو تو وہ نام ضرور لکھیں۔ لکھتے ہوئے رفتار آہستہ رکھیں اب لکھے ہوئے تمام الفاظ پر انگلی یا پوائنٹر پھیرتی جائیں اور آواز نکالتی جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بھی اپنے ڈیسک پر یا ہوا میں یہی الفاظ لکھنے کی کوشش کریں۔	اب باری سِل۔ تِل۔ دِل کے کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب دوسرے حرف کے نیچے زیر والے الفاظ کی مشق کرائیں حارِث۔ بارِش۔ طارِق باری باری دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب پِھرکی۔ کِھڑکی۔ باری باری دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ یہاں استاد زیر کے مختلف الفاظ پوچھ سکتا ہے۔ مشکل پیش آنے کی صورت میں بچوں کی مدد کریں۔ یہی الفاظ ورک شیٹ پر لکھوانے کی مشق کرائیں۔	کریں۔ چِڑیا آ دانہ کھا۔ کِتاب لا دو۔ ناصِر کو پھِرکی دو۔ ورک شیٹ پر یا بورڈ پر بچوں کو زیر کے الفاظ لکھ کر دیں۔ بچے دیکھ کر لکھنے کی کوشش کریں۔	سرگرمی اخبار رسالے کا کوئی ٹکڑا کاٹ کر چارٹ پر لگائیں خود عبارت تیار کریں اور چارٹ پر لگائیں۔ بچوں سے اس میں سے زیر اور زبر کے الفاظ تلاش کرائیں اور ان کے گرد دائرہ لگوائیں۔	

اپریل

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ ہفتہ
3	ُ پیش	ٹیپ ریکارڈ سے ُ پیش کی آواز سنوائیں بچوں سے کہیں کہ غور سے سنیں اور ساتھ ساتھ بولنے کی کوشش کریں۔ پیش کے بارے میں بتائیں کہ جب یہ ''ُ'' سے پہلے کسی حرف پر لگے تو آواز تھوڑی لمبی ہو جاتی ہے جیسے۔ گُوگُو۔ چُوہا۔ پُورا۔ سُورج۔ دُور پیش ُ کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیں اور اس کی آواز بتائیں اب حروف تہجی پر ُ پیش لگا کر فلیش کارڈ دکھائیں۔ اُ۔ بُ۔ پُ۔ اُس۔ اُن۔ چُن۔ سُن۔ تمام الفاظ کے کارڈ دکھاتے ہوئے ساتھ ساتھ	ُ پر کام جاری رکھیں۔ پیش کے الفاظ کی مشق کے لیے آج سرگرمی کرائیں۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے پیش کی آواز کا عملی مظاہرہ کرائیں۔ '' رُ ''فلیش کارڈ پر دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اس کی آواز کیا ہے؟ اب ''پُو'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اس کے کے بعد ''را'' پھر ''پُورا''فلیش کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب ''گُو'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے ؟ اب اس کے ساتھ ''ڑا'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب مکمل لفظ دکھائیں ''گُوڑا'' اور پوچھیں یہ کیا	پیش کے الفاظ اور آواز پر کام جاری رکھیں الفاظ سے متعلقہ تصاویر جماعت میں نمایاں جگہ پر لگائیں۔ آج پیش کے نئے الفاظ کا تعارف کرائیں۔ گُڑیا۔ خوب صُورت چُپکے۔ ٹکڑے اب چھوٹے جملے لکھ کر الفاظ کی شناخت پختہ کرائیں۔ ۔ بانو کی گُڑیا مُوٹی ہے۔ ۔ خُوب صُورت پھُول لا دو ۔ چُپکے سے آ جانا	پیش کی آواز کی پہچان پختہ کرانے کے لیے مختلف الفاظ کی مشق کرائیں۔ سرگرمی بورڈ پر اس۔ ان۔ پر۔ پل۔ جون۔ بن۔ اڑ۔ جوڑا۔ کم۔ دم۔ تم۔ بڑا اور خوبصورت لکھیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر آ کر کسی ایک لفظ کو پڑھیں اور اس پر آواز کے مطابق پیش لگائیں یہاں استاد ان الفاظ پر زبر اور زیر لگا کر فرق واضح کر	ہفتے بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ آج بچوں کو لائبریری مرکز لے جائیں۔ مختلف کہانیوں کی کتابیں دیکھنے کو دیں۔ آسان اور بڑے حروف کی کتابیں پڑھنے کو بھی کہا جا سکتا ہے۔ استاد پر منحصر ہے کہ وہ اس وقت بچوں کے لیے کیا بہتر سمجھتا ہے۔

		آواز بلند رکھیں تا کہ بچے پیش کی آواز سے واقف ہو جائیں۔ اب بورڈ پر پیش ُ کے حروف لکھیں رفتار آہستہ اور آواز بلند رکھیں۔ پُل ۔غُل ۔دُکھ ۔سُکھ اب پوائنٹر یا انگلی تمام لکھے ہوئے الفاظ پر پھیرتی جائیں اور آواز کو بلند رکھتے ہوئے پیش کی آواز پر زور دیں بچوں سے کہیں کہ وہ بھی ساتھ بولیں اور انگلی سے اپنے ڈیسک پر یا ہوا میں لکھنے کی کوشش کریں۔	ہے؟ ''غُبا'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے۔ پھر ''را'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب پورا لفظ دکھائیں ''غُبارا'' اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ استاد یہاں اور پیش کے چھوٹے الفاظ پوچھ سکتا ہے بچے اگر مشکل محسوس کریں تو ان کی مدد کریں۔	۔رُوٹی کے ٹکڑے اُٹھالو سرگرمی جماعت میں موجود چیزوں کے ناموں کے کارڈ بنائیں اور بچوں سے کہیں کہ ان میں سے جن کے نام پیش سے شروع ہوتے ہیں ان پر کارڈ لگائیں پھر زیر سے شروع ہونے والی چیزوں اور آخر میں زبر سے شروع ہونے والی چیزوں پر لگوائیں پڑھائے گئے پیش کے الفاظ لکھنے کی مشق ورک شیٹ پر کرائیں۔	سکتا ہے۔ اگر بچے کسی لفظ میں مشکل محسوس کریں تو ان کی مدد کریں اور درست بتانے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ پیش کے حروف لکھنے کی مشق ورک شیٹ پر کرائیں۔ بچوں سے کہیں کہ جو لفظ آپ نے سب سے اچھا لکھا ہے اس کے گرد دائرہ لگائیں اور پھر اس میں رنگ بھریں۔	

اپریل

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
4	حروف جوڑ کر لفظ کی مکمل شکل بنانا۔	بچوں کو حروف کی پوری اور آدھی اشکال آچکی ہیں حروف کو جوڑ کر حروف بنا چکے ہیں اب الفاظ کو توڑنا اور پھر جوڑنا سکھائیں۔ الفاظ کا جوڑ:۔ بورڈ پر پورے حروف لکھیں ل+ا+ل بچوں سے یہ لفظ پڑھنے کو کہیں اور خود بھی لکھتے ہوئے بولیں۔ اب ان حروف کو جوڑنے کے لیے کہیں اور بتائیں کہ جوڑنے کے لیے چھوٹی اشکال استعمال ہوتی ہیں۔ اب تینوں حروف کو جوڑ دیں لال۔ اب دوسرے لفظ کے حروف لکھیں	حروف جوڑ کر الفاظ لکھنے کی مشق میں آج نئے الفاظ کا جوڑ سکھائیں۔ جوڑنے سے پہلے بچوں کو پڑھائی گئی چھوٹی اشکال یاد کرائیں۔ اس دہرائی کے لیے فلیش کارڈ پر چھوٹی شکل دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ چھوٹی شکل کے کچھ حروف کی دہرائی کے بعد حروف لکھیں۔ م + ے + ر + ا اب اسکی چھوٹی شکل لکھوائیں مـ + یـ + ر + ا اب لفظ مکمل کریں۔ "میرا" اب دوسرا لفظ مکمل کریں۔ م + ے + ر + ی مـ + یـ + ر + ی	حروف کو جوڑ کر الفاظ بنانے پر کام جاری رکھیں۔ سرگرمی بچوں سے حروف جوڑ کر الفاظ بنانے کا عملی مظاہرہ جماعت کے سامنے کرائیں۔ بورڈ پر حروف لکھیں۔ آ + ل + و = اب بچوں سے پوچھیں کہ اس سے کیا لفظ بنے گا۔ اب بورڈ پر پھر لکھیں۔ گ + ا + ج + ر = بچوں سے پوچھیں کہ ان حروف سے کیا لفظ بنے گا۔	گذشتہ کام جاری رکھیں نے۔۔سے اور پر لگا کر خالی جگہ پر کرائیں۔ بابا۔۔۔آم کاٹا۔ کتاب میز۔۔۔۔۔۔ہے۔ بازار۔۔۔۔۔انار لا دو۔ میں۔۔۔۔۔۔سیب کھایا۔ آپا۔۔۔۔بات کرو۔ چڑیا درخت۔۔۔۔بیٹھی ہے۔ اس سے جملے مکمل کرنے کی مشق ہوگی۔ سرگرمی بورڈ پر جملے پر کرنے کے	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ بچوں کو تدریسی مرکز لے جائیں آج آرٹ مرکز کا انتخاب کریں۔

		چ+ا+چ+ا اب حروف کو جوڑیں ''چاچا''	''میری'' م + ے + ر + ے ''میرے'' اب نئے حروف لکھیں س+ے+ب= سیب اب ''ہ'' کو دوسرے حروف سے جوڑ کر نئے الفاظ بنائیں ''ہ'' کی تمام شکلیں دکھائیں۔ ہ - ہا - ہا - ہہ اب ان تمام کو الفاظ میں جوڑ کر دکھائیں۔ ہ + ا + تھ + ی مکمل لفظ بنائیں ''ہاتھی'' ہ + ے = ہے یہی حروف اور جوڑ لکھنے کی مشق ورک شیٹ پر کرائیں۔	اب پھر بورڈ پر حروف لکھیں ت+ر+ب+و+ز= اور پوچھیں ان سے کیا لفظ بنتا ہے۔ لکھنے کی مشق کے لیے ورک شیٹ پر حروف سے الفاظ بنانے کا کام کرائیں۔	لیے لکھیں۔جن الفاظ سے جملے پر ہوتے ہیں ان کے فلیش کارڈ بنا کر میز پر رکھیں اب بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری آ کر ایک کارڈ اٹھائیں اور خالی جگہ پر لگائیں۔ورک شیٹ پر الفاظ لکھنے کی مشق کرائیں۔	

مئی

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
1	دہرائی	پڑھائے گئے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ دہرائی کا کام شروع کرائیں۔ بچوں کو لکھنے کی عملی مشق کرائیں املا کرائیں۔ سرگرمی حروف محسوس کرائیں (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں	بچوں کو لکھنے کی عملی مشق اور املا کرائیں۔ سرگرمی کارڈ دیکھیں اور بولیں (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں	بچوں کو لکھنے کی عملی مشق املا کرائیں۔ سرگرمی حروف اٹھائیے۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں	بچوں کو لکھنے کی عملی مشق کرائیں۔ املا کرائیں۔ سرگرمی حروف تہجی کی ترتیب (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں	تدریسی مرکز میں کام کرائیں۔

مئی

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
2	دہرائی	پڑھائے گئے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ لکھنے کی عملی مشق کرائیں املا کرائیں۔ سرگرمی ''حروف کی شکل پہچانیں''۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)	لکھنے کی مشق پر کام جاری رکھیں۔ املا کرائیں۔ سرگرمی ''حروف کے ساتھی'' (سرگرمیوں کا ذخیرہ)	املا کی مشق جاری رکھیں۔ املا کرائیں۔ سرگرمی ''حروف ڈھونڈیں'' (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)	املا کا کام جاری رکھیں۔ املا کرائیں سرگرمی ''صوتی شناخت'' (سرگرمیوں کا ذخیرہ)	تدریسی مرکز میں کام کرائیں۔

مئی

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
3	دہرائی	املا لکھنے کے عمل کی مضبوط بنیاد ہے اور پڑھنے کا عمل اسے اور بھی بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ لہذا اب بچوں کو کتابیں پڑھنے کی طرف راغب کریں۔ اب پوری توجہ پڑھنے پر دیں۔ آسان اور کم الفاظ والی کتابیں لائبریری سے منتخب کریں جن میں خوبصورت تصاویر ہوں۔ کتابیں مختلف عنوانات پر ہوں تاکہ بچے مختلف قسم کی چیزوں سے واقف ہوں۔ بچوں کو کتاب دکھائیں تصاویر دکھائیں تاکہ بچے دلچسپی لیں۔ اب انہیں کتاب کو احتیاط سے کھولنا اور پڑھنا سکھائیں۔ پڑھنے کے دوران بچوں سے سوال پوچھیں۔ پڑھنے کا عمل پورا ہونے کے بعد بھی سوالات کریں۔	پڑھنے کے عمل پر کام جاری رکھیں۔ آج نئی کتاب منتخب کریں اگر پہلے سے شروع کی ہوگی کتاب مکمل نہیں ہوئی تو اسی کو جاری رکھیں۔ بچوں کو یہ جاننے میں آسانی ہو کہ پڑھنے کا عمل کیسا ہے۔ اور کتابیں پڑھنا کتنا اچھا ہے۔ کتاب پڑھائیں سوالات پوچھیں اگر بچے اپنی زبان میں کتاب سے متعلق کچھ بات کریں تو ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو سمجھانے کے لیے ان کی زبان میں بات کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ مقصد صرف سکھانا، سمجھانا اور دلچسپی پیدا کرنا ہے۔	پڑھنے پر کام جاری رکھیں بچوں سے جماعت کے سامنے پڑھنے کا عملی مظاہرہ کرائیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان میں کوئی آ کر کتاب اٹھائے اور آ کر پڑھے۔ اگر کوئی بچہ سامنے نہ آئے تو خود کسی بچے کا نام پکاریں اب بچے کی رہنمائی کریں کیسے کتاب اٹھائے اور پھر پڑھنا شروع کرے دائیں سے بائیں طرف اور اوپر سے نیچے کی طرف۔ بچوں سے کہیں کہ وہ غور کریں۔	اس ہفتے شروع کی گئی کتاب ختم کرنے کی کوشش کریں۔ کتاب سے جو کچھ پڑھا اس کے بارے میں سوال کریں۔ پڑھنے کے بارے میں پوچھیں کہ پڑھنا کیسا لگا۔ کوشش کریں کہ بچے ایسی دلچسپی لیں کہ اپنے طور پر کتابیں پڑھنا شروع کر دیں۔	تدریسی مرکز میں کام کرائیں۔

مئی 4 دہرائی	سال کا یہ وقت باقی رہ جانے والی کمزوریوں پر توجہ دینے اور انہیں دور کرنے کا ہے۔ بچوں کی ضرورت اور کمزوریوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ان کے گروپ بنائیں۔ ان کی کمزوری کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایسا کام کرائیں جو ان میں بہتری لا سکے۔ استاد اپنی تمام تر توجہ بچوں میں باقی رہ جانے والی کمزوریوں پر رکھے اور انہیں دور کرنے کی کوشش کرے سرگرمیوں کے ذخیرے سے کام لیں ضرورت کے مطابق اس میں تبدیلی بھی لائیں اور کھیل کے ساتھ ساتھ تعلیمی مقاصد بھی حاصل کریں۔ دہرائی کا عمل مکمل کریں۔
جون 1 2 دہرائی	بچے کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کا کام جاری رکھیں۔ بچے کی کمزوریوں کو دور کرنے پر پوری توجہ دیں۔ بچے کی ضرورت کے مطابق تعلیمی سرگرمیاں ترتیب دیں۔ بچوں کی صلاحیت کے مطابق گروپ بنائیں اور مختلف کام کروائیں۔ سال بھر کی کمزوریوں اور تعلیمی مواد کا جائزہ لیں اور انہیں دور کرنے کی کوشش کریں۔ سرگرمیوں کا ذخیرہ موقع کی مناسبت سے استعمال کرائیں اور ضرورت کے مطابق اس میں تبدیلی لاتے ہوئے کھیل کے ساتھ ساتھ تعلیمی مقاصد بھی حاصل کریں۔
جون 3	گرمیوں کی چھٹیاں
جون 4	